General Science - 10th Class General Science Urdu Medium Chapter 10 Preparation

Q1. آئسو ٹوپس کی تعریف کریں.

Ans 1: آئسوٹوپس: ایسے نیوکلیائی ہیں جن کے اٹامک نمبر ایک ہی ہوں اور ماس نمبر مختلف ہوں اور کیمیائی خصوصیات ایک جیسی ہوں. مثال : کلورین 35 اور کلورین 37. جو کہ کلورین کے دو آئسوٹوپس ہیں

Q2. EEG اور MRI میں کیا فرق ہے؟

Ans 1: MRI: یہ میڈیکل کی خاص قسم کی تشخیص تکنیک ہے جو نیوکلیئر میگنیٹک ریزونینس کے اصول کے تحت جسم کے حصول کےعکس بناتی ہیں.

Ans 2: EEG: دماغ کی الیکٹریکل ایکٹویٹی کو سر کی بیرونی سطح سے ریکارڈ کرنا EEG کہلاتا ہے.

Q3. سپننگ سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: سپننگ سے مراد کاٹن فائبرز کو دھاگہ میں تبدیل کرنا ہے.

Q4. بیٹا ریڈی ایشنز کی تعریف کریں.

Ans 1: 1. بیٹاپارٹیکلز تیز رفتار الیکٹرونز پر مشتمل ہے. 2.ان کا ماس '0' اور چارج '1' ہوتا ہے. 3. بیٹا ریڈی ایشنز کی طاقت الفا پارٹیکلز کی نسبت زیادہ ہوتی ہے.

Q5. شوگر انڈسٹری کا کیا کام ہے؟

Ans 1: شوگر انڈسٹری شوگر کی تیاری کرتی ہے. پاکستان کی تمام انڈسٹریز میں شوگر انڈسٹری بہت اہمیت کی حامل ہے پاکستان میں شوگر کی تیاری گنا اور چکندر سے کی جاتی ہے شوگر انڈسٹری مختلف پروسیز کے بعد شوگر تیار کرتی ہے.

Q6. انجیو گرافی کے دو فوائد لکھیں.

Ans 1: انجیو گرافی کی مدد سے دل کی شریانوں میںپیدا شدہ تنگی یا رکاوٹ کے بارے میں علم حاصل ہوجاتا ہے. والو کی تبدیلی 'بائی پاس آپریشن یا پیس میکر'منتخب کرنا آسان ہوجاتا ہے.

Q7. سی ٹی سکین کس مخفف ہے اور اس کا کام کیا ہے

Ans 1: سی ٹی سکین کا مطلب کمپوٹر رائیز ڈٹوموگرافی ہے

Ans 2: کام: آنتوں میں پیدا شدہ رکاوٹ کا معلوم کرنا پیسٹ میں موجود مختلف اعضا کی ساخت اور بڑی شریان اے اورٹا کی حالت کے بارے میں معلومات حاصل کرنا پھیپھڑوں میں کینسر کی موجودگی کا پتہ لگانا دماغ بیماریوں کا پتہ لگانا سی ٹی سکین کا کام ہے

Q8. الٹراسائونڈ کے دو استعمالات لکھیں.

Ans 1: 1. گردوں سے خون کے بہائو کی رفتار معلوم کی جاتی ہے. 2. گردوں 'پتہ 'البلبہ میں پتھری کی موجودگی کا پتہ لگایا جاتا ہے. 3.جسم کے کسی حصے میں کسی قسم کی رکاوٹ کا پتہ چل جاتا ہے.

Q9. ٹیلی فون میں آپٹیکل فائبرز کا استعمال کیا ہے؟

Ans 1: آج کل ٹیلی کمیونیکیشن میں میٹل کیبلز کی جگہ آپٹیکل فائبر استعمال کئے جارہے ہیں تاکہ ٹیلی فون کالز ایک جگہ سے دوسری جگہ بہتر طریقے سے پہنچائی جاسکیں اس میںکالز کی آواز کی روشنی کے سنگل میں تبدیل کرکے منتقل کیا جاتا ہے. آپٹیکل فائبر ہزاروں ٹیلی فون کالز کو بیک وقت ٹرانسمٹ کرنے کی صلاحٰت رکھتا ہے.

Q10. ای سی جی اور ای ای جی میں فرق تحریر کیجیے

Ans 1: ای سی جی: دل کی الیکٹریکل ایکٹیویٹی کے ریکارڈ کرنے کو ای سی جی کہتے ہیں

Ans 2: ای ای جی: ای ای جی دماغ کی الیکٹریکل ایکٹیویٹی جسے برین ویوز کہتے ہیں کورکی بیرونی سطح سے ریکارڈ کرن کو ای ای جی کہتے ہیں
